# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

4

Date: 22 June-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۲؍جون ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ او بی سی ریزرویشن کے سلسلے میں کابینہ کی ذیلی کمیٹی قائم کرنے کا تیقن؛ احتجاج ختم کرنے کی حکومت کی اپیل۔

☆ عوام کو اعتماد میں لیے بغیر کسی بھی ترقیاتی منصوبے پر عمل درآمد نہ کرنے کی وزیر اعلیٰ کی یقین دہانی۔

☆ مراٹھواڑہ میں دسواں بین الاقوامی یوگا دن جوش وخروش کے ساتھ منایا گیا۔

☆ توردال، چنادال اور کابلی چنے کی ذخیرہ اندوزی پر مرکزی حکومت کا کنٹرول۔

اور۔۔۔☆ ممبئی بین الاقوامی فلم فیسٹیول کا اختتام؛ ''دَ گولڈن تھریڈ'' کو بہترین فلم کا ایوارڈ۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

ریاستی حکومت نے او بی سی ریزرویشن کے سلسلے میں کابینہ کی ذیلی کمیٹی بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔ جالنہ اور پونے میں او بی سی ریزرویشن کے معاملے پر جاری بھوک ہڑتال کے سلسلے میں او بی سی طبقات کے ایک نمائندہ وفد اور کابینہ کا کل ممبئی میں ایک اجلاس منعقد ہوا۔ اس اجلاس کے بعد صحافیوں سے بات کرتے ہوئے او بی سی رہنما اور ریاستی وزیر چھگن بھجبل نے بتایا کہ قانون ساز اسمبلی کے مانسون اجلاس میں تمام پارٹیوں کے قائدین کی میٹنگ لیکر او بی سی اور مراٹھا ریزرویشن پر اتفاق رائے کرنے کا فیصلہ لیا گیا ہے۔ فرضی کنبی سرٹیفکیٹ جاری کرنے والوں سمیت سرٹیفکیٹس لینے والوں کے خلاف سخت کارروائی کرنے اور ریاست میں تمام ذاتوں کے سرٹیفکیٹس کو ان کے آدھار کارڈ سے جوڑنے کی وضاحت بھی حکومت کی جانب سے کی گئی ہے۔ اس موقع پر سارتھی کارپوریشن کی معرفت مراٹھا برادری کو دی جانے والی تعلیمی اسکالرشپ سمیت دیگر رعایتیں او بی سی طبقات کو دینے کی یقین دہانی بھی کرائی گئی۔

اس اجلاس میں وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے، نائب وزیر اعلی دیویندر پھڑنویس، نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار، کابینہ کے اراکین، سابق وزیر پنکجا منڈے، ایم ایل اے گوپی چند پڈلکر، سابق ایم ایل اے پرکاش شینڈگے اور او بی سی طبقات کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر بھجبل نے بتایا کہ کابینہ کا ایک وفد آج جالنہ اور پونے میں مظاہرین سے ملاقات کرے گا اور ان سے بھوک ہڑتال ختم کرنے کی درخواست کرے گا۔

اس سے قبل کل صبح ریاستی حکومت کے ایک وفد نے جالنہ ضلع کے وڑیگودری میں بھوک ہڑتال کرنے والے لکشمن ہاکے اور ان کے ساتھی نوناتھ واگھمارے سے ملاقات کی۔ اس دوران بھوک ہڑتال پر بیٹھے مظاہرین نے او بی سی کے 29 فیصد ریزرویشن کو متاثر نہ ہونے دینے سے متعلق ریاستی حکومت سے تحریری یقین دہانی کرانے اور مراٹھا کنبی کے طور پر جاری کیے گئے 57 لاکھ سرٹیفکیٹس کو منسوخ کرنے کا مطالبہ کیا۔

دریں اثنا، بی جے پی کی قومی سکریٹری پنکجا منڈے نے اس سلسلے میں کل ایک ٹویٹ پیغام جاری کر کے مراٹھا ریزرویشن سے او بی سی ریزرویشن پر کیسے اثر نہیں پڑتا اس کی وضاحت کرنے کا مطالبہ کیا۔ منڈے نے اس ٹویٹ میں ریاست کے سربراہان کو احتجاج گاہوں کا دورہ کرنے کا مشورہ بھی دیا۔

***** ***** *****

وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے یقین دلایا ہے کہ عوام کو اعتماد میں لیے بغیر کسی بھی ترقیاتی منصوبے پر عمل آوری نہیں کی جائے گی۔ ناگپور۔ گوا شکتی پیٹھ شاہراہ کے سلسلے میں جاری احتجاج کے پس منظر میں وزیرِ اعلیٰ نے یہ وضاحت کی۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ناگپور۔ ممبئی سمردھی شاہراہ کے کام عوام کو اعتماد میں لے کر مکمل کیے گئے تھے، اسی طرح شکتی پیٹھ شاہراہ کے منصوبے پر عمل آوری کے سلسلے میں بھی دوبارہ منصوبہ بندی کی جاسکتی ہے۔

***** ***** *****

دسواں بین الاقوامی یوگا دِن کل مراٹھواڑہ بھر میں جوش وخروش کے ساتھ منایا گیا۔ چھترپتی سمبھا جی نگر میں علاقائی کھیل میدان پر ضلع کلکٹر دلیپ سوامی کی خصوصی موجودگی میں یوگا کا پروگرام منعقد ہوا۔ اسی طرح ممبئی ہائیکورٹ کی اورنگ آباد بینچ‘ مختلف سرکاری دفاتر‘ تعلیمی اداروں‘ سیاحتی ترقیاتی بورڈ وغیرہ مقامات پر بھی یوگا کیمپ منعقد کیے گئے۔ بوٹینکل گارڈن میں ہوئے یوگا کیمپ میں سابق مرکزی وزیر ڈاکٹر بھاگوت کراڑ‘ جالنہ کے رکنِ پارلیمان ڈاکٹر کلیان کالے‘ سمیت دیگر معززین نے شرکت کی۔

ریاستی جرائم تفتیشی محکمے کی یوگا مشق میں پولس سپرنٹنڈنٹ سچن پاٹل‘ نائب سپرنٹنڈنٹ وَیبھو پاٹل سمیت محکمے کے افسران و ملازمین نے شرکت کی۔

ناندیڑ میں گروگرنتھ صاحب جی بھون میں ضلع کلکٹر ابھیجیت راؤت اور ضلع پریشد سی ای او مینل کرنوال کی موجودگی میں‘ جبکہ لاتور میں ضلع کھیل میدان پر ضلع کلکٹر ورشا ٹھاکر گھوگے سمیت ہزاروں شہریان کی موجودگی میں یوگا کا عملی مظاہرہ کیا گیا۔

دھاراشیو ضلعے کے تلجا پور میں تلجا بھوانی ضلع اسپورٹس کامپلیکس پر ضلع انتظامیہ، آیوش محکمہ، ضلع یوگا تنظیم، نہرو یوا مرکز‘ پتنجلی یوگ کمیٹی کی جانب سے یوگا کیمپ منعقد کیا گیا۔ اس میں شہریان سمیت کھلاڑیوں اور طلبہ نے شرکت کی۔

پربھنی میں راج گوپالا چاری گارڈن میں ضلع کلکٹر رگھوناتھ گاوڑے کی موجودگی میں‘ جبکہ ہنگولی میں ایم ایل اے تاناجی مٹکُٹے اور ضلع کلکٹر جتیندر پاپڑکر کی موجودگی میں سنت نامدیو پولس میدان پر عالمی یوگا دِن منایا گیا۔ اکھاڑا بالا پور کے نارائن راؤ واگھمارے کالج میں بھی یوگا کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔

جالنہ میں پتنجلی یوگا کمیٹی‘ میونسپل کارپوریشن‘ ماتوشری ویلفیئر سوسائٹی اور دھونڈا بائی تو تلا سوسائٹی کی جانب سے یوگا دِن منایا گیا۔ بین الاقوامی یوگا ٹیچر ماؤلی ہربگ نے یوگا سے متعلق جانکاری دی۔ سابق وزیر ارجن کھوتکر اور میونسپل کمشنر سنتوش کھانڈیکر سمیت دیگر معززین اس موقع پر موجود تھے۔

بیڑ میں چمپاوَتی اسپورٹس کمپلیکس میں ضلع کلکٹر دیپا مدھوڑ منڈے سمیت ضلع کے اعلیٰ افسران وملازمین نے یوگا پروگرام میں شرکت کی۔

جنوب وسطی ریلوے کے ناندیڑ زون دفتر میں ڈویژنل مینیجر نیتی سرکار کی موجودگی میں یوگا دِن منایا گیا۔ ناندیڑ ڈویژن کے مختلف ریلوے اسٹیشنوں پر بھی یوگا دِن کے موقع پر یوگا کی مشق کے کیمپ منعقد ہوئے۔

***** ***** *****

اَٹل بہاری واجپائی شیوڑی۔ نہاوا شیوا اَٹل سیتو پُل کے مرکزی حصے میں کوئی دراڑ نہ ہونے کی وضاحت ممبئی علاقائی ترقیاتی اتھاریٹی۔ ایم ایم آر ڈی اے نے کی ہے۔ اتھاریٹی کے مطابق اَٹل سیتو کو جوڑنے والی سڑکوں میں چھوٹی موٹی دراڑیں تھیں، جنہیں بند کرنے کا کام کل شام شروع کیا گیا ہے اور سروس روڈ کی ان دراڑوں کا پروجیکٹ کے بنیادی ڈھانچے سے کوئی تعلق نہیں ہے اور نہ ہی اٹل سیتو کو کوئی خطرہ ہے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

حکومت نے تور دال، چنا دال اور کابلی چنے کی ذخیرہ اندوزی پر پابندی عائد کردی ہے۔ صارفین کو مناسب قیمت پر دالیں فراہم کرنے اور دالوں کی ذخیرہ اندوزی یا کالا بازاری کی روک تھام کیلئے حکومت نے یہ قدم اٹھایا ہے۔ اس فیصلے کا اطلاق ہول سیلرز اور خوردہ فروشوں، دال مل مالکان اور درآمد کنندگان سبھی پر ہوگا۔ ذخیرہ اندوزی کے سلسلے میں عائد کردہ حد آئندہ 30 ستمبر 2024 تک نافذ رہے گی۔

***** ***** *****

آکاشوانی نے معتبر خبریں فراہم کرنے کی اپنی شناخت اور ساکھ برقرار رکھی ہے۔ آکسفورڈ یونیورسٹی کے تازہ ترین سالانہ سروے سے یہ بات واضح ہوتی ہے۔ اس سلسلے میں پرسار بھارتی کے صدر نونیت کمار سہگل نے کہا کہ یہ ہر حال میں حقیقی خبریں فراہم کرنے کے آکاشوانی کے مستقل عزم کی سند ہے۔ سہگل دہلی آکاشوانی کے دفتر میں یوگا دِن کے پروگرام میں شریک تھے۔ آکاشوانی کی ڈائریکٹر جنرل موشومی چکرورتی بھی اس موقع پر موجود تھیں۔

***** ***** *****

اٹھارہویں ممبئی بین الاقوامی فلم فیسٹیول کا کل اختتام ہوگیا۔ ثقافتی اُمور کے وزیر سدھیر منگنٹی وار سمیت دیگر معززین اس موقع پر موجود تھے۔ بھارتی فلم ''دَ گولڈن تھریڈ'' نے بہترین دستاویزی فلم کا گولڈن ایوارڈ حاصل کیا' جبکہ ایسٹونیا کی ''ساور ملِک'' فلم نے مختصر فلم کے زمرے میں بہترین تصوراتی فلم کا ایوارڈ' اسی طرح پولینڈ کی ''جھیما'' فلم نے بہترین بین الاقوامی اینیمیشن ایوارڈ حاصل کیا۔

جاپان کی لِیام لوپِنٹو کی ہدایت میں بنی ''دَ اولڈ ینگ کُرو'' فلم کو پرمود پاٹی ایوارڈ سے نوازا گیا۔

***** ***** *****

دہلی کے وزیر اعلی اروند کیجریوال کو شراب پالیسی مقدمے میں دہلی کی راؤس ایونیو کورٹ کی طرف سے دی گئی ضمانت پر دہلی ہائی کورٹ نے روک لگا دی ہے۔ اس معاملے میں عدالت نے وکلاء کو آئندہ پیر کو تحریری جواب دینے کی ہدایت کی ہے۔

***** ***** *****

انتخابی کمیشن نے مہاراشٹر سمیت چار ریاستوں کی فہرست رائے دہندگان کی تجدید کاری شروع کی ہے۔ مہاراشٹر قانون ساز اسمبلی کی معیاد 26 نومبر کو ختم ہو رہی ہے۔ جس کے پیشِ نظر فہرست رائے دہندگان کی جدید کاری شروع کرنے کی وضاحت متعلقہ خبر میں کی گئی ہے۔

***** ***** *****

یونیورسٹی گرانٹس کمیشن نے محتسب کا تقرر نہ کرنے پر ملک کی 157 یونیورسٹیوں کو نوٹس جاری کیے ہیں۔ ان میں 108 سرکاری، 47 خانگی اور دو تسلیم شدہ یونیورسٹیاں شامل ہیں۔ اس میں پربھنی کی وسنت راؤ نائیک مراٹھواڑہ زرعی یونیورسٹی، ممبئی کی SNDT یونیورسٹی، ناگپور کی اینیمل اینڈ فشریز سائنس یونیورسٹی، ناسک کی طبّی سائنس یونیورسٹی، پونے کی انٹرنیشنل اسپورٹس یونیورسٹی سمیت ریاست کی نو یونیورسٹیاں شامل ہیں۔ ان تمام یونیورسٹیوں کو فوری طور پر ایک لوک پال مقرر کرنے اور یو جی سی کو اس کی اطلاع دینے کی ہدایت متعلقہ حکمنامے میں کی گئی ہے۔

***** ***** *****

ٹی۔ ٹوئنٹی عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ میں آج بھارت اور بنگلہ دیش کے مابین سپر ایٹ مرحلے کا اہم میچ کھیلا جائے گا۔ اینٹیگا میں کھیلے جانے والے اس میچ کا آغاز بھارتی وقت کے مطابق رات آٹھ بجے ہوگا۔

اس ٹورنامنٹ میں آج صبح ویسٹ انڈیز اور امریکہ کے درمیان میچ میں ویسٹ انڈیز نے امریکہ کو نو وِکٹوں سے شکست دے دی۔

دریں اثنا کل ایک میچ میں آسٹریلیا نے بنگلہ دیش کو ڈَک ورتھ لوئس ضابطے کے تحت 28 رنوں سے شکست دے دی، اسی طرح جنوبی افریقہ نے انگلینڈ کو سات رنز سے ہرایا۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ او بی سی ریز رویشن کے سلسلے میں کابینہ کی ذیلی کمیٹی قائم کرنے کا تیقن؛ احتجاج ختم کرنے کی حکومت کی اپیل۔

☆ عوام کو اعتماد میں لیے بغیر کسی بھی ترقیاتی منصوبے پر عمل در آمد نہ کرنے کی وزیر اعلیٰ کی یقین دہانی۔

☆ مراٹھواڑہ میں دسواں بین الاقوامی یوگا دن جوش و خروش کے ساتھ منایا گیا۔

☆ تور، چنا دال اور کابلی چنے کی ذخیرہ اندوزی پر مرکزی حکومت کا کنٹرول۔

اور۔۔۔☆ ممبئی بین الاقوامی فلم فیسٹیول کا اختتام؛ ''دَ گولڈن تھریڈ'' کو بہترین فلم قرار۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****